© rasailojaraid.com



● اشاریہ ماہنامہ القاسم

مرتب: محمد شاہد حنیف　　ضخامت: ۲۱۸ صفحات

مولانا عبدالقیوم حقانی کی زیرِ ادارت شائع ہونے والے مجلّہ ''ماہنامہ القاسم'' کا شمار اس وقت معروف علمی جرائد میں ہوتا ہے۔ رسائل و جرائد میں شائع ہونے والا مواد عموماً رسائل میں ہی دب کر رہ جاتا ہے۔ درورِ حاضر میں اشاریہ سازی کی بدولت یہ تمام مواد ریکارڈ پر آ گیا ہے۔ ماہنام القاسم کے ۱۳، سالوں میں شائع ہونے والے ۱۲۸ شماروں میں ۱۰۶۲۶ صفحات میں ۲۰۰ مصنفین کے ۲۵۰۰ مقالات و نگارشات اور ۱۰۰۰ کتابوں پر تبصروں کا ۱۰۰ موضوعات پر مشتمل یہ اشاریہ معروف اشاریہ ساز جناب محمد شاہد حنیف نے مرتب کیا ہے۔ انہوں نے ملک کے کئی دیگر جرائد کے اشاریے بھی ترتیب دیے ہیں اور نقیبِ ختمِ نبوت کے اشاریے کے ہم منتظر ہیں۔

● حیاتِ سفیرِ ختم نبوت، مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمۃ اللہ علیہ

تالیف: مولانا مشتاق احمد چنیوٹی　　ضخامت: ۸۳۰ صفحات　　قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: مکتبہ انور شاہ، جامعہ عربیہ، چنیوٹ

حضرت مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمۃ اللہ علیہ اُن لوگوں میں سے تھے جن کا اوڑھنا بچھونا تحفظ ختم نبوت کا مشن تھا۔ انہوں نے حضرت مولانا بدر عالم اور حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمہم اللہ جیسے علماء حق سے علم دین حاصل کیا۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیات رحمہم اللہ سے تحفظ ختم نبوت کا سبق لیا۔ اپنے عہد کے جیّد علماء و صلحاء اور قائدین سے استفادہ کیا اور عملی میدان میں تحفظِ ختم نبوت اور محاسبۂ قادیانیت کا انتخاب کیا۔ ۱۹۵۳ء کی تحریکِ تحفظِ ختم نبوت میں قید ہوئے چند ماہ جیل میں حضرت امیر شریعتؒ کی رفاقت بھی میسر آئی۔ مولانا چنیوٹی ۱۹۵۳ء سے لے کر اپنی موت تک تحفظِ ختم نبوت کے مشن کے لیے سرگرم عمل رہے۔ انہوں نے غیر ملکی دورے بھی کیے اور یورپ و افریقہ اور عرب ممالک میں جا کر قادیانیت کے دجل کا پردہ چاک کیا۔ اسی وجہ سے انہیں سفیر ختم نبوت کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ مرزا بشیر الدین سے لے کر مرزا مسرور تک قادیانیوں کے تمام لیڈروں کو للکارتے رہے۔ اُن کے دلائل اور جرأت کے سامنے کوئی نہ ٹھہر سکا۔

مولانا مشتاق احمد چنیوٹی، حضرت سفیر ختم نبوت کے قابلِ فخر اور لائق ترین شاگردوں میں سے ہیں۔ انہوں نے اپنے عظیم استاذ و محسن کی حیات و خدمات پر یہ ایک شاندار کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ۱۴، ابواب پر مشتمل اِس کتاب میں مولانا منظور احمد چنیوٹی کے سوانح، افکار، خدمات اور کارناموں پر مستند معلومات جمع کر کے محبت کا حق ادا کیا۔ حضرت مولانا محمد نافع مدظلہٗ، حضرت مولانا عبدالحفیظ مکّی دامت برکاتہم اور شیخ الحدیث مولانا زاہد الراشدی مدظلہٗ کی تقاریظ سے کتاب کی اہمیت دو چند ہو گئی ہے۔ تحریکِ ختم نبوت سے وابستہ تمام کارکنوں کے لیے اس کتاب کا مطالعہ اشد ضروری ہے۔ یہ کتاب انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے تعاون سے شائع کی گئی ہے۔ (تبصرہ: کفیل بخاری)



© rasailojaraid.com